
دل چسپ

ریاضی

حصّہ اوّل–1

PART- 1

پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب





نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru-560 003

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4109- DILCHASP RIYAZI (JOYFUL MATHEMATICS)
(Textbook for Class I)

ISBN 978-93-5292-420-2

جملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت کے بغیر اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے یا بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کرکے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی محر کے ذریعے یا اسٹیکر یا کسی اور ذریعہ ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصور ہوگی اور ناقابل قبول ہوگی۔

این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر

این سی ای آر ٹی کیمپس
سری اروندو مارگ
نئی دہلی۔ 110016 **فون:** 011-26562708

اے100 فٹ روڈ108 بیلی
ایکسٹینشن ہوسڈے کیرے
بناشنکری III اسٹیج
بینگلورو۔ 560085 **فون:** 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
احمد آباد۔ 380014 **فون:** 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانگل بس اسٹاپ، پانی پانی
کولکاتا۔ 114700 **فون:** 033-25530454

سی ڈبلیو سی کیمپس
مالی گاؤں
گوہاٹی۔ 781021 **فون:** 0361-2674869

اشاعتی ٹیم

ہیڈ، پبلی ڈویژن : انوپ کمار راجپوت
چیف پروڈکشن آفیسر : ارون چتکارا
چیف بزنس منیجر : وپن دیوان
چیف ایڈیٹر (انچارج) : بگیان ستار
اسسٹنٹ پروڈکشن آفیسر : دیپک جیسوال

سرورق اور لے آؤٹ

.....

پبلی کیشن ڈویژن

جون 2023 جیشٹھ 1945

PD 20T

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، 2023

قیمت: ₹65.00

این سی ای آر ٹی واٹرمارک 80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ نئی دہلی نے پلک پرنٹر، 6 محکم پور، فیز II، دہلی روڈ، میرٹھ، اتر پردیش میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

پیش لفظ

ہندوستان بچوں کے سب سے زیادہ تشکیلی برسوں کے دوران اُن کے کلی ارتقا کو فروغ دینے کی دیرینہ روایت کا پاس دار رہا ہے۔ یہ روایات افرادِ خاندان، عزیزوں اور رشتے داروں، معاشرہ اور نگہداشت اور آموزش کے رسمی اداروں کو تکمیلاتی کردار عطا کرتی ہیں۔ کسی بچے کی زندگی کے پہلے آٹھ برسوں میں یہ کلّی طریقہ کار جس میں نسل در نسل منتقل ہونے والے سنسکار یا اقدار کی پرداخت بھی شامل ہے۔ ہر پہلو سے آئندہ برسوں میں بچے کی نشو و نما، صحت، کردار اور وقوفی صلاحیتوں پر مثبت اور اہم طول حیاتی اثر مرتب کرتا ہے۔

کسی بچے کے طول حیاتی ارتقا کی اہمیت کے پیش نظر قومی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP 2020) نے 4+3+3+5 کا درسیاتی اور تدریسیاتی ڈھانچے کا تصور وضع کیا جسے ملک میں 3 تا 8 زمرۂ عمر سے مطابقت رکھنے والے اولین پانچ سال کے دوران رسمی تعلیم اور نگہ داشت اطفال پر حد درجہ مطلوب توجہ دیتے ہوئے 'اساسی مرحلہ' (Foundational Stage) کا نام دیا گیا ہے۔ 3 تا 8 زمرۂ عمر کے تسلسل میں درجات 1 اور 2 اساسی مرحلے کا لازمی حصہ ہیں جس میں بال واٹکا میں بچے کے کلی ارتقا پر توجہ دی جاتی ہے۔ کسی فرد کے طول حیاتی آموزش، سماجی اور جذباتی رویے اور مجموعی صحت کا انحصار پوری طرح اسی اساسی مرحلے کے دوران حاصل کردہ تجربات پر ہے۔

اس طرح پالیسی میں خصوصاً اس مرحلے کے لیے ایک قومی درسیات کا خاکہ مرتب کرنے کی سفارش کی گئی ہے جو طلبا کے ابتدائی برسوں میں تمام تر نظامِ تعلیم کی رہنمائی جامع طور پر اعلا معیار کی تعلیم کی فراہمی کی سمت میں کرے گی۔ اس کے ذریعے اس مسلسل عمل کو اسکولی تعلیم کے آگے کے دیگر مراحل تک بڑھایا جاسکے گا۔ NEP 2020 کے تحت قائم کردہ اصول و اغراض (بہ شمول علم الاعصاب اور ابتدائی طفلی تعلیم) مختلف میدانوں میں انجام دی گئی تحقیق، زمینی سطح پر جمع کردہ تجربات اور واقفیت اور ہماری قوم کی آرزوؤں اور اہداف کی بنیاد قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی مرحلہ (National Curriculum Framework for Foundational Stage NCF-FS) تشکیل دے کر 22 اکتوبر 2022 کو جاری کیا گیا۔ اُس کے بعد سے کے NCF-FS درسیاتی طریقے کو عملی شکل دینے کے لیے درسی کتابیں تیار کی گئی ہیں جو کلاس روم میں بچوں کی تربیت نیز خاندان اور معاشرے میں نمایاں آموزشی وسائل کی پہچان کرکے اُن کی حقیقی زندگی سے خود کو جوڑنے کی کوشش ہیں۔

© KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

NCF-FS میں اختیار کردہ طریقۂ کار تیتریہ اُپنشد میں مذکور پنچ کوش وکاس (انسانی شخصیت کے پانچ پرتوں کا ارتقا) سے بھی ہم آہنگ ہے۔ NCF-FS آموزش کے پانچ میدان مقرر کرتا ہے یعنی جسمانی وحرکی، سماجی وجذباتی، وقوفی لسانی وخواندگی اور ثقافتی وجمالیاتی جو پانچ کوشوں یعنی انّامیا (Annamaya)، پران میا (Pranmaya) منومیا (Manomaya)، وگیان میا (Vijnanmaya) اور آنند میا (Anandmaya) پر مشتمل پنچ کوش کی ہندوستانی روایت سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بچے کے گھر کے تجربات کو اسکول کے احاطے میں تشکیل پانے والے علم، ہنر مندیوں اور رجحانات سے بھی مربوط کرتا ہے۔

NCF-FS جو درجات 1 اور 2 کا احاطہ کرتا ہے آموزش کھیل پر مبنی طریقۂ کار کی بھی تائید کرتا ہے۔ اس طریقۂ کار کے مطابق کتابیں آموزشی عمل میں لازمی حیثیت رکھتی ہے، لیکن یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ کتابیں سرگرمیوں، کھلونوں، کھیلوں، بات چیت، مباحثے اور بہت سے تدریسیاتی وسائل اور طریقوں میں سے ایک ہے۔ یہیں سے کتابی آموزش سے زیادہ مانوس کھیل کے طریقے اور استعداد پر مبنی نظام آموزش کی طرف قدم بڑھتا ہے جہاں اپنے کام اور آموزش میں بچوں کے انہماک کو کلیدی حیثیت حاصل ہو جاتی ہے۔ اس لیے زیر نظر کتاب کو مکمل طور پر اس زمرۂ عمر کے بچوں کے لیے کھیل پر مبنی تدریسیاتی طریقۂ کار کو مکمل طور پر فروغ دینے کا ایک وسیلہ تصور کیا جائے۔

یہ درسی کتاب آسان، دل چسپ اور دل کش انداز میں استعداد پر مبنی مواد کو پیش کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اس میں متن اور تصویروں کی پیش کش کے ذریعے کئی بندھے ٹکے تصورات کو منہدم کر کے شمولیتی اور ترقی پسندانہ بنانے کی سعی کی گئی ہے۔ بچے کے مقامی سیاق کی عکاسی کی گئی ہے جس میں معاشی روایات، تہذیب، استعمال زبان اور ہندوستان سے اُس کی پیوستگی شامل ہے اور جو طالب علم کے کلی ارتقا میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ اسے بچے کے لیے دل چسپ اور پُر لطف بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب میں اس طرح کی سرگرمی میں پوشیدہ جمالیاتی شعور کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کرنے کے لیے آرٹ اور حرفت کو باہم مربوط کیا گیا ہے۔ یہ درسی کتاب بچوں میں ان کے دائمی سیاق میں اُن سے متعلق فطری تصورات کو سمجھنے کے لیے وقوفی شعور پیدا کرتی ہے۔ اگرچہ مواد کے اعتبار سے ہلکی سہی لیکن یہ درسی کتاب مفہوم کے لحاظ سے بہت پُر ثروت ہے۔ یہ کھلونوں، کھیلوں اور مختلف سرگرمیوں کے ذریعے متنوع تجربات اور کھیل کے طریقوں کو باہم مربوط کرتی ہ۔ اس میں ایسے سوالات شامل کیے گئے ہیں جو تنقیدی سوچ اور مسائل حل کرنے میں طلبا کی مدد کریں گے۔ اس کے علاوہ ہمارے ماحول کے تئیں ضروری حساسیت پیدا کرنے میں بچوں کی مدد کے لیے یہ کتاب وسیع پیمانے پر موضوع ومواد اور سرگرمیاں پیش کرتی ہے۔ یہ ہماری ریاستوں / مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایسی شکلوں میں جسے وہ NEP2020 کی سفارشات کے مطابق مزید بہتر بنا سکیں، معاشی تناظر والے مواد کے اضافے / توافق کا کافی موقع فراہم کرتی ہے۔

این سی ای آر ٹی اساسی مرحلے کے نصاب اور آموزشی وتدریسی مواد کی تیاری کے لیے تشکیل کردہ کمیٹی کی محنت کا اعتراف کرتی ہے۔ میں کمیٹی کے چیئر پرسن پروفیسر ششی کلا ونجاری اور تمام ممبران کا

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بروقت اور بحسن و خوبی انجام دینے کے لیے شکر گزار ہوں۔ میں اُن تمام اداروں اور تنظیموں کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے اس کام کو ممکن بنانے میں ہماری مدد کی۔ نیشنل اسٹیئرنگ کمیٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر کے۔ کستوری رنگن اور اُس کے دیگر ممبران اور مینڈیٹ گروپ کی چیئرپرسن پروفیسر منجل بھارگو اور ریویو کمیٹی کے ممبران کا شکریہ کہ انھوں نے بروقت بیش قیمت مشوروں سے نوازا۔

بھارت میں اسکولی تعلیم کی اصلاح اور اپنے تیار کردہ تمام آموزشی و تدریسی مواد کے معیار کی بہتری کے تئیں پرعزم ادارے کے حیثیت سے این سی ای آر ٹی اس درسی کتاب کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام شرکا کی آرا اور ان کے مشوروں کا منتظر رہے گا۔

پروفیسر دنیش پرساد سکلانی

ڈائریکٹر

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

27 جنوری، 2023

نئی دہلی

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

اس کتاب کے بارے میں

قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں اس بات کو اہمیت دی گئی ہے کہ ابتدائی عمر (3 سے 8 سال) کے دوران آموزش کی بنیاد مضبوط ہو اس میں بچوں کی وقوفی نشوونما جس میں ان کی اساسی خواندگی اور حرف شناسی پر زور دیا گیا ہے۔ ابتدائی مرحلے کے لیے قومی درسی خاکہ (NCF-FS 2022) میں درسیاتی مقاصد استعداد اور آموزشی ماحصل کی صاف طور پر وضاحت کی گئی ہے۔ کلاس- 1 کی موجودہ ریاضی کی کتاب ''دلچسپ ریاضی'' NEP 2020 کی سفارشات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ڈیزائن کی گئی ہے اور آموزشی ماحصل کی وضاحت (NCF-FS 2022) میں کی گئی ہے۔ جب بچہ کلاس -1 میں داخل ہوتا ہے و یہ مانا جاتا ہے کہ وہ اپنے ساتھ بال واٹیکا 1 سے 3 (3 سے 6 سال تک) کا تجربہ اپنے ساتھ لے کر آیا۔ اس مرحلے پر بچے آزادانہ کھیل، کھلونوں اور گیم وغیرہ سے لطف اندوز ہوتے ہیں اس لیے اس مرحلے میں ان کو وہ مواقع فراہم کرائے جائیں جن میں انھیں بہت سے ریاضیاتی تصورات جیسے مقامی تفہیم، اعداد کی سمجھ، ریاضیاتی اور تحسیبی سوچ وغیرہ کی آموزش میں آسانی ہوتی ہے۔ یہ بچے کی نہ صرف کنکریٹ سے تصویری منتقلی میں مدد کرتی ہے بلکہ ہر نئے تصور کے مجرد استدلال سے متعارف کرانے میں بھی معاون ہوتی ہے۔

کلاس -1 دلچسپ ریاضی میں بہت سی سرگرمیاں ہیں جو کلاس کے اندر اور باہر تجرباتی آموزش کو ذہن میں رکھتے ہوئے انجام دی جاتی ہیں۔ تمام ابواب میں ریاضیاتی تفہیم کھیل پر مبنی سرگرمیوں پر ہوتی ہیں۔ بچے کو صرف ریاضی پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے یہ احساس ہونا چاہیے کہ وہ کھیل رہا ہے اور کھیل کھیل میں وہ ریاضی بھی سیکھ رہا ہے۔ اس طرح سے اس کی ریاضی کی آموزش پُر لطف رہے گی۔

زبانوں کی آموزش اور عمر کی حساب سے جسمانی اور ذہنی نشوونما کو اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے کیوں کہ ریاضی کی آموزش علاحدگی میں نہیں ہوتی۔ یہ کتاب والدین، اساتذہ یا بچے کا کوئی بڑا بھائی بہن کو تجاویز فراہم کرتی ہے۔ تاکہ وہ بچوں سے، خیال انگیز سوالات، کہانیوں اور نظموں کے ذریعے اچھی بحث کریں۔

اس مرحلے پر بچوں کے درمیان الفاظ پڑھنے کی صلاحیتوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ریاضی کے بہت سے تصورات کو خود توضیحی اور سیاقی وضاحتوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

مزید ایسی تصاویر اور وضاحتیں بچوں کی بصری اور مطالعہ کی صلاحیتوں کو بڑھانے میں معاون ہوتی ہے۔

اس کتاب کو متن-اور-کام کتاب کے طور پر ڈیزائن کیا گیا۔اس میں بچوں کے لیے موقع فراہم کیا گیا کہ وہ تصویروں کو مناسب طریقے سے بنائیں ،ان کو رنگیں اور لکھیں۔زبانی بحث بچوں کے سوچنے کے عمل کو الفاظ دینے /ظاہر کرنے میں معاون ہوتی ہے۔اس لیے اسے ہر باب میں شامل کیا گیا ہے یہ اساتذہ کی موافق ماحول میں آموزش کا مستقل جائزۂ لینے میں مدد کرتی ہے۔خیال انگیز پریکٹس کاموں کو سوالوں اور سرگرمیوں کی شکل میں دیا گیا ہے۔یہ توقع کی جاتی ہے کہ والدین/ اساتذہ بھی اس طرح کے سوالات بچوں کے لیے تشکیل کریں۔درسیاتی کتاب کا جدید استعمال اساتذہ اور والدین کے ہاتھ میں ہے۔ان کی وجہ سے ہی کلاس -امیں بچوں کے لیے ریاضی کی آموزش پُر لطف اور مزے دار ہوگی۔اس کتاب میں بحث ،دریافت، کھلے سروں والے سوالات، سرگرمیوں کے ذریعہ ۲۱ویں صدی کی مہارتیں، ریاضیاتی ترسیل ، تجزیاتی مہارتیں اور منطقی سوچ کو ذہن نشین کرانے کی شروعات ہو چکی ہے۔ابواب میں تصوراتی تفہیم ،رویہ جاتی مہارات ، تطبیقی استدلال اور ریاضی کی طرف مثبت رویہ کو شامل کرکے ریاضی مہارت کی شروعات کی گئی ہے۔

کلاس -اکے لیے ''دلچسپ ریاضی'' میں مواد کی بنیاد (NCF-FS 2022) میں بیان کیے گے چار بلاکس پر ہے۔ریاضی سے متعلق زبانی بات چیت،تدریسی مہارتیں، مہارت کی پریکٹس اور ریاضیاتی گیم تمام ابواب میں شامل کیے گئے ہیں۔ان میں سے بہت سے مربوط طریقوں سے پیش کیے گئے ہیں لیکن آپ ان کو معلوم کر سکتے ہیں۔

- ریاضی کی نظمیں جیسے پیاری بلّی کی تلاش اور چھک چھک جاتی ہماری ٹرین باب -1 میں اور پانچ چھوٹے بچے باب - 5 میں ہیں۔
- تصورات اور پریکٹس کے تعارف کے لیے تصویری کہانیاں اور اندازۂ قدر کو بھی شامل کیا گیا ہے۔جیسے آم کھانا باب 2-میں ذہین دادی باب-3 میں، ٹوٹتے بٹن باب-4 میں دادا جی کے ساتھ سیر باب-5 میں اتسو باب -9 میں اور میں اپنا دن کیسا گزارتی ہوں باب-10 میں وغیرہ۔
- پوری کتاب کے تمام ابواب میں ریاضی کے گیم اور سرگرمی کو ایک ساتھ رکھا گیا ہے۔

تمام ابواب میں موجودہ سرگرمیوں کو بچہ اکیلے، گروپ میں یا کچھ بڑوں جیسے (والدین، اساتذہ، بھائی بہن) کی مدد سے انجام دے سکتا ہے۔اس کی وجہ سے بچہ بہت سی مہارتوں کو دوسروں کی مدد سے سیکھ لیتا ہے۔مہارت پریکٹس کے مواقع تمام ابواب میں پروجیکٹ ،آیئے کریں اور پریکٹس کے سوالات کی شکل میں شامل کیے گئے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ٹیڑھے اور مشکل سوالات معمے اور پہیلیوں کو حل کرنے میں بچوں کو معمول کی آموزش کے ساتھ ساتھ موقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ کتابوں میں ان کی عمر کے لحاظ سے مناسب معمے اور پہیلیاں دی گئی ہیں۔ بچوں کو کم از کم ایک ہفتہ تک ان معموں کو حل کرنے اور ان کے جوابات کی تلاش میں مصروف رکھنا چاہیے۔ ان میں سے کچھ مسئلوں کے ایک سے زیادہ جواب بھی ہوسکتے ہیں۔ ان معموں سے بچوں کو لطف انگیز مشغلہ بھی مہیا کرا سکتے ہیں۔ اس طرح بچّوں کا اندازۂ قدر ان معموں کو حل پر مبنی نہیں ہونا چاہیے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

کمیٹی برائے درسی کتاب

صلاح کار

دنیش پرساد سکلانی، ڈائریکٹر، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

رہنمائی

ششی کلا ونجاری، پروفیسر (ریٹائرڈ) اور سابق وائس چانسلر، ایس این ڈی ٹی ویمنیز یونیورسٹی، ممبئی، مہاراشٹر (چیئرپرسن، سلیبس اینڈ لرننگ - ٹیچنگ میٹیریل ڈیولپمنٹ کمیٹی)

سنیتی سنوال، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی (ممبر کنوینر، سلیبس اینڈ لرننگ - ٹیچنگ میٹیریل ڈیولپمنٹ کمیٹی)

معاونین

انوپ کمار راجپوت، پروفیسر، ڈی ای ای اور ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

آستھا بھیانہ، پرائمری ٹیچر، ایم آر جی اسکول، نئی دہلی

آشوتوش کیدار ناتھ وزل وار، پروفیسر، ڈی ای ایس ایم، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

پدم پریہ شیرالی، پرنسپل، سہیادری، اسکول پونہ

ریتو گری، اسسٹنٹ ٹیچر، ڈی او ای، نئی دہلی

سپنا اروڑا، ٹی جی ٹی ٹیچر، ڈی او ای، نئی دہلی

گریما پانڈے، پرائمری ٹیچر، ایم سی ڈی اسکول، نئی دہلی

گنجن کھرانا، ریسرچ اسکالر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

© KIRS NOT TO BE REPUBLISHED

نیشا نیگی سنگھ، سینئر کنسلٹنٹ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

این پارو تھی بھٹ، ٹکنیکل اسسٹنٹ، ڈی ایس ای آر ٹی، بنگلورو

مبصرین

گجانن لونڈھے، ڈائریکٹر، سموِت ریسرچ فاؤنڈیشن، بنگلورو

دِویانشو دوے، وائس چانسلر (انچارج)، چلڈرنس یونیورسٹی، گاندھی نگر، گجرات

منجل بھارگو، ممبر، نیشنل اسٹرننگ کمیٹی اینڈ چیئرپرسن، مینڈیٹ گروپ

سندیپ دِواکر، سبجیکٹ ایکسپرٹ، عظیم پریم جی فاؤنڈیشن

سری دھر شریواستو، پروفیسر اینڈ جوائنٹ ڈائریکٹر، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

اردو ترجمہ

محمد قاسم، ریٹائرڈ لکچرار، میتھمیٹکس، اینگلو عربک سینئر سکنڈری اسکول، اجمیری گیٹ، نئی دہلی

اکیڈمک کوآرڈی نیٹر

انوپ کمار راجپوت، پروفیسر، ڈی ای ای اور ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اظہار تشکر

کونسل، انیتا شرما، پرنسپل، ایچ ڈی پبلک اسکول؛ منیش جین، پروفیسر، آئی آئی ٹی گاندھی نگر؛ رابن چھیتری، ڈائریکٹر، ایس سی ای آر ٹی، سکّم؛ پنکج تیواری، جن شکشک، ایم ایل بی اسکول، سیونی، مدھیہ پردیش؛ پشپا اولہیان، ایس آر اے، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، دہلی؛ تیجل آہوجا، جے پی ایف، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، دہلی؛ سارا رفعت خان، جے پی ایف، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، دہلی؛ ریمن ہوڈا، جے پی ایف، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، دہلی، پریتی ہیگڑے، اسسٹنٹ مس ٹریس، کے پی ایس، ہیگن ہلّی، بنگلورو، راکیش بھاٹیہ، سبجیکٹ اسپیشلسٹ، ایچ بی ایس بی، ہریانہ، ہمانی ڈیم، اسسٹنٹ پروفیسر، راجدھانی کالج، یونیورسٹی آف دہلی، وینا ایچ آر، ٹیچر ایجوکیٹر، سموت ریسرچ فاؤنڈیشن، بنگلورو کی خصوصی طور پر شکر گذار ہے، جن کا بھرپور تعاون اس کتاب کی تیاری کے دوران حاصل رہا۔

کونسل سنتوش مشرا، آرٹسٹ، ایمارٹس، مصوری، ڈیزائن اور لے آؤٹ کے لیے شکریہ ادا کرتی ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں سید پرویز احمد، ایڈیٹر کنسلٹنٹ، طیب احمد، اسسٹنٹ ایڈیٹر، احتشام الحق، ایڈیٹوریل اسسٹنٹ (سبھی کانٹریکچوئل) نے ایڈیٹنگ و پروف ریڈنگ کے امور جانفشانی سے انجام دیے۔ کونسل ان سبھی کی تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

اس کتاب کو موجودہ شکل دینے میں این سی ای آر ٹی، ڈی ٹی پی آپریٹرس روہت کمار، ارون ورما، امجد حسین، ریاض احمد، کشور سنگھل اور کنیکا والیچا، راکیش اگروال (اسسٹنٹ)، کمپیوٹر انچارج کا بھی شکریہ ادا کرتی ہے۔

اس کتاب کے بنانے میں پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اگر آپ...



ذاتی تعلقات


تعلیم اور امتحان


ساتھیوں کے دباؤ


کریئر

سے متعلق کسی بھی طرح کے ذہنی دباؤ، پریشانی، فکرمندی،
مایوسی یا الجھن میں مبتلا ہیں تو کاؤنسلر کی مدد لیں



فون کریں
8448440632

نیشنل ٹول فری کاؤنسلنگ
ٹیلی ہیلپ لائن
صبح 8 تا رات 8 بجے تک
ہفتے کے سبھی دن

منودرپن

کووِڈ-19 کے قہر اور اسکے بعد طلبا کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے نفسیاتی معاونت
(آتم نربھر بھارت مہم کے ایک جز کے طور پر وزارت تعلیم، حکومت ہند کی ایک پہل)

www.https://manodarpan.education.gov.in

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

ترتیب

	پیش لفظ	iii
	اس کتاب کے بارے میں	vi
1.	میری پیاری بلّی ڈھونڈو!	1
2.	کیا ہے لمبا؟ کیا ہے گول؟ (شکلیں)	10
3.	مزے دار آم (1 سے 9 تک کے اعداد)	18
4.	10 بنانا (10 سے 20 تک کے اعداد)	33
5.	کتنے؟ (ایک ہندسی اعداد کی جمع اور تفریق)	48
6.	سبزی کا کھیت (20 تک کی جمع اور تفریق)	64

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بھارت کا آئین

تمہید

ہَم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بَھارَت کو ایک مقتَدر، سمَاج وَادی، غیَر مَذھَبی عَوامی جَمھُوریَہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

انصاف سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر 1949ء کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

1۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''مقتدر عوامی جمہوریہ'' کی جگہ (3-1-1977 سے)

2۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''قوم کے اتحاد'' کی جگہ (3-1-1977 سے)


© KIES NOT TO BE REPUBLISHED

QRickit


4109CH01

1 میری پیاری بلّی کو ڈھونڈو!


آؤ گائیں



دیکھو، دیکھو، دیکھو
دیکھو میری پیاری بلّی



کیا تم بیٹھی کھڑکی کے اوپر؟



کیا تم سوئی پلنگ کے نیچے؟
کہاں چھپی ہو اوپر یا نیچے؟

دیکھو، دیکھو، دیکھو
دیکھو میری پیاری بلّی!
کیا تم بیٹھی بستے کے اندر؟








جلدی سے باہر آجاؤ،
کہاں چھپی ہو مجھے بتاؤ۔

NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ، آؤ، آؤ
آؤ میری پیاری بلّی!
کبھی جار کے نیچے کھرچا
کبھی کار کے اوپر پوچھا
اوپر-نیچے، اوپر-نیچے







آؤ، آؤ، آؤ،
آؤ، میری پیاری بلّی!
کبھی ٹوپی کے اوپر،
کبھی دری کے نیچے ہو کر
جلدی آؤ پیاری بلّی!
تم ہی ہو میری پیاری بلّی۔



بچوں کو اداکاری کے ساتھ نظم دوہرانے کو کہیے۔ بچے تصویر کا مشاہدہ کریں اور بتائیں کہ انہوں نے کیا دیکھا؟ اور ان چیزوں کے بارے میں گفتگو کیجیے جو اوپر، نیچے ہوں؟ چھپن چھپائی کے کھیل میں چھپنے کی جگہوں واطراف میں پائے جانے والے جانوروں کے رہنے کے مقامات وغیرہ سے متعلق سوالات کے ذریعے گفتگو کرنے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نظم میں دی گئی تصویروں کو دیکھیے اور ذیل میں صحیح لفظ پر دائرہ بنائیے۔

1. لال گیند پلنگ **پر/اوپر/** (نیچے) ہے۔
2. بلّی کار کے **اندر/باہر/اوپر** ہے۔
3. آدمی پیڑ کے **نیچے/اندر/اوپر** سو رہا ہے۔
4. گائے گھر کے **اندر/باہر** ہے۔



سوچیے اور جواب دیجیے

1. آپ اپنے جوتے کہاں رکھتے ہیں؟ کمرے کے **اندر/باہر**
2. آپ کوڑا کہاں پھینکتے ہیں؟ کوڑے دان کے **اندر/باہر**

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



آؤ کریں—چیزیں تلاش کریں

بچے خود کو دو ٹیموں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ایک ٹیم کچھ چیزیں چھپائے گی جیسے سفید چاک، لال گیند وغیرہ اور دوسری ٹیم سے ان کو مقام ظاہر کرنے والے الفاظ جیسے اندر/باہر، دور/پاس، اوپر/نیچے وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے چیزوں کو تلاش کرنے کے لیے زبانی ہدایت دے گی۔مثال کے طور پر:

1. اُس سفید چیز کی تلاش کیجیے جو بورڈ کے **قریب** میز کے **نیچے** چھپائی گئی ہے۔
2. اُس لال چیز کو تلاش کیجیے جو کمرۂ جماعت کے **باہر** اور پیڑ کے **نیچے** ہے۔



آؤ کھیلیں — گیند کو پھینکیں!


ہر بچہ ایک ایک بار ٹوکری کے اندر گیند ڈالنے کی کوشش کرے گا۔ جب گیند ٹوکری کے **اندر** گرے گی تب دوسرے بچے بولیں گے **اندر** اور جب گیند ٹوکری کے **باہر** گرے گی تب دوسرے بچے بولیں گے **باہر** ہے۔






آؤ کریں

A. جو اندر ہیں، ان پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔





سرگرمی اس طرح انجام دی جائے کہ تمام بچے اس میں حصہ لے سکیں، بھلے ہی ان میں جسمانی صلاحیتیں کیسی بھی ہوں۔ مثال کے طور پر، گیند پر گھنگرو باندھ سکتے ہیں اور ٹوکری کی اندرونی سطح باہر کی سطح سے مختلف کر سکتے ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ خصوصی آواز کا علم ہو سکے کہ گیند باہر/اندر ہے۔





B. جو باہر ہیں، ان پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔





C. تصویر کو دیکھ کر مناسب جواب پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

(i) ایک لڑکا پیڑ کے **اوپر / نیچے** بیٹھا ہے

(ii) پرندے پیڑ کے **اوپر / نیچے** ہیں



NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

D. ناک کے نیچے مسکراہٹ کا نشان بنائیے، اور آنکھوں کے اوپر بھنویں بنائیے۔



مناسب جواب پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

i. ترنگے میں سب سے **اوپر** کون سا رنگ ہے؟

سفید/زعفرانی/ہرا

ii. ترنگے میں کون سا رنگ سفید رنگ کے **نیچے** ہے؟

گلابی/زعفرانی/ہرا

iii. ترنگے میں کون سا رنگ ہرے رنگ کے **اوپر** ہے؟

سفید/زعفرانی/ پیلا

iv. ترنگے میں اشوک چکر کہاں ہے؟

ایک کونے میں/بیچ میں/کنارے پر



© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED



بچوں سے گفتگو کیجیے کہ ہم قومی جھنڈے کو کب کیوں اور کہاں لہراتے ہیں؟ قومی تہواروں کے بارے میں بات کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریے۔ بچوں کو اپنا ترنگا بنانے اور کھڑے ہوکر قومی ترانہ گانے کے لیے کہیے۔



چھک ! چھک ! ہماری ریل گاڑی جاتی ہے

چھک–چھک، چھک–چھک
چھک-چھک کرتی ریل چلی
چھک-چھک کرتی ریل چلی
ٹیڑھی میڑھی ریل چلی
ندی، کھیت سے ریل چلی
اوپر جاتی، نیچے جاتی
تھوڑا رُکتی، چلتی جاتی
سمندر، پہاڑ، برسات دکھاتی
پورا ملک گھما کر لاتی
آگے انجن پیچھے ڈبّے
کچھ ڈبّوں کے آگے ڈبّے
کچھ ڈبّوں کے پیچھے ڈبّے
ہلتے–ڈولتے ریل چلی
چھک-چھک کرتی ریل چلی

NOT TO BE REPUBLISHED © NCERT

A. انجن کے پیچھے کتنے ڈبے ہیں؟
B. لال ڈبے سے آگے کتنے ڈبے ہیں؟
C. لال ڈبے کے پیچھے والے ڈبوں پر نارنجی رنگ کریں۔
D. لال ڈبے کے آگے والے ڈبوں پر نیلا رنگ کریں۔

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ریل گاڑی کے سفر کے تجربوں کو بیان کریں۔ بچے جنہوں نے کبھی ریل گاڑی کا سفر نہیں کیا ہو وہ اس سفر سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ 'ریل گاڑی کیا ہوتی ہے' اس موضوع پر گفتگو کریے۔ ان سے کہیں کہ وہ کاغذ پر ریل گاڑی کی تصویر بنائیں یا بے کار چیزوں جیسے خالی ڈبّوں اور بوتلوں کو استعمال کرکے ریل گاڑی بنائیں۔



آؤ کھیلیں

بچے نظم پڑھیں گے اور ایک کھیل کھیلیں گے، جس میں وہ ایک دوسرے کو پکڑ کر ریل گاڑی بنائیں گے۔ سبھی بچے بتائیں گے کہ ان کے آگے اور پیچھے کون ہے؟



© KEF NOT TO BE REPUBLISHED

سُوالی اور روہت چیزوں کے کچھ گروپ بنا رہے ہیں۔




بچوں کو ایسی ہی سرگرمیاں انجام دینے کے لیے کہیے جس سے وہ ٹھوس چیزوں جیسے بیجوں، پتیوں، موتیوں وغیرہ کو چھانٹ سکیں۔

آؤ کریں



سُوالی نے سبھی بٹنوں کو تین گروپ میں تقسیم کر دیا۔



سُوالی نے ایسے گروپ کیوں بنائے؟

ڈرائینگ بنا کر ان بٹنوں کو دوسرے طریقے سے چھانٹنے کے لیے سُوالی کی مدد کیجیے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



پروجیکٹ

بچوں سے کلاس روم کی ایک الماری کو منظّم کرنے کے لیے کہیے۔ استاد ان سے مقام ظاہر کرنے والے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے 2 چیزیں سب سے نیچے والے خانے میں اور 1 چیز سب سے اوپر والے خانے میں رکھوائیں۔



QRickit

4109CH02

2 کیا ہے لمبا؟ کیا ہے گول؟

آس پاس دیکھو


ودیا دیدی نے تمام بچوں سے دائرہ میں بیٹھنے کو کہا۔



بچوں سے کلاس میں اس گیم کو کھیلنے کے لیے کہیں۔ بچوں سے دو ایسی چیزوں کے نام بتانے کے لیے کہیں جو دیکھنے میں گول اور لمبی ہوں۔ ہر مرتبہ نئی چیزوں کا نام لینا ہے، دہرانا نہیں ہے۔ لمبی چیزوں کے لیے بچوں کو ایک سمت پر غور کرنا چاہیے جیسے لمبا، چوڑا وغیرہ۔ مثال کے طور پر گلاس کو کوئی لمبا کہہ سکتا ہے، جب کہ دوسرا اسے گول کہہ سکتا ہے۔ بچوں کو اپنی دلیل سے وضاحت کرنے دیجیے۔

سوچیے اور کیجیے


A. گول چیزوں کو ◯ میں اور لمبی چیزوں کو ▭ میں بنائیے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


B. ایک جیسی دکھنے والی چیزوں کو ملائیے۔






















C. گیند جیسی دکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔



























@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

D. ٹوپی  جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔






E. گلاس  جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔



F. ماچس کی ڈبّی  جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔







@TBS
NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ کریں



اپنے آس پاس کی مختلف چیزوں کو استعمال کرتے ہوئے ایک گھر، کھلونا، مینار، بس یا اپنی پسند کی کوئی چیز بنایئے۔ آپ کاپیوں، کتابوں، پنسل باکس، پانی کی بوتل، پرانے بے کار صندوق، جنم دن کی ٹوپی، قیف وغیرہ کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

بچوں کو چار گروپ میں بانٹیے۔ ہر ایک گروپ کو ایک شکل دیجیے اور بچوں سے کہیے کہ دی ہوئی شکل جیسی دو مختلف استعمال شدہ چیزیں لائیں۔ تمام جمع کی ہوئی چیزوں کو کلاس روم میں دکھائیں اور بچوں کو جمع کی ہوئی چیزوں کے بارے میں بتانے کو کہیں اور بچے یہ بھی بتائیں کہ یہ چیزیں انھوں نے وہ کیوں جمع کیں۔ اس بات پر زور ہونا چاہیے کہ بچے اپنی تنقیدی سوچ کو ایک دوسرے کے ساتھ ساجھا کریں۔



ذہین نانی

ایک بار ایک میمنا اپنی نانی سے ملنے جارہا تھا۔

بھیڑیے نے میمنے کو دیکھا اور وہ اس کو پکڑنا چاہتا تھا۔



میمنے نے اپنی نانی کو بھیڑیے کے بارے میں ساری بات بتادی۔

نانی کو ایک ترکیب سوجھی اور اُس نے میمنے کو ایک ڈھولک میں لٹا کر ڈھولک کو اس کے گھر کی طرف لڑھکا دیا۔




کہانی کو بلند آواز میں پڑھیے اور بچوں سے کہیے کہ اس پر اداکاری کریں۔



NOT TO BE REPUBLISHED © BOKTBS

ڈھولک بہت تیز لڑھکنے لگا اور بھیڑیا اُس کے پیچھے دوڑنے لگا۔



بھیڑیا میمنے کو نہیں پکڑ سکا اور وہ حفاظت سے اپنے گھر پہنچ گیا۔



بچے بتائیں کہ ڈھولک لڑھکتا کیوں ہے؟ اس کی شکل اور جنگل سے بھیڑیے کے گھر تک کی زمین کی ڈھلواں سطح پر بحث کریں۔

@KITABISTAN PUBLISHED NOT TO BE

آؤ پھسلیں

تصویر میں بچے کیرم کھیل رہے ہیں۔ آپ بھی کھیلیے اور دیکھیے کہ گوٹی سرکتے ہوئے کسی خانے میں کیسے جاتی ہے۔



تصویر میں دیے گئے دائروں میں لڑھکنے والی چیزوں کے لیے 'R' لکھیے اور سرکنے والی چیزوں کے لیے 'S' لکھیے۔



اپنے آس پاس سے الگ الگ چیزوں کو جمع کیجیے اور معلوم کیجیے کہ وہ لڑھکتی ہیں یا سرکتی ہیں۔

کیا آپ نے ایسی چیزیں دیکھی ہیں جو لڑھکتی بھی ہیں اور سرکتی بھی ہیں؟ اگر ہاں، تو کمرۂ جماعت میں اس موضوع پر بحث کیجیے۔



بچوں سے کہیے کہ ان مختلف چیزوں کے بارے میں بتائیں جو انھوں نے اپنے گھر یا اسکول میں دیکھی ہوں اور جو لڑھکتی بھی ہوں اور سرکتی بھی ہوں۔ یہ بھی بحث کریں کہ چیزوں کی کون سی خصوصیت ان کو عام سطح پر لڑھکنے اور سرکنے میں مدد کرتی ہے۔

© @KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سوچیے اور کیجیے

معلوم کیجیے کہ مندرجہ ذیل چیزیں لڑھکتی ہیں یا سرکتی ہیں یا ان میں دونوں خصوصیت ہیں ۔ صحیح ✓ یا غلط X کا نشان لگائیے۔

تصویر	لڑھکتی ہے	سرکتی ہے	لڑھکتی بھی اور سرکتی بھی ہے
			
			
			
			
			
			
			
			

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



پروجیکٹ

1. گتّے کے ڈبّے جیسے جوتوں کا ڈبّہ، کھانے کی چیزوں کے خالی ڈبّے، پھلوں کے ڈبے وغیرہ۔ ڈبّے کو چاک کر کے اس میں آنکھیں، منھ اور ناک بنائیے۔ اپنے والدین/استاد کی مدد سے ایک کٹھ پتلی بنائیے اور اس کے ساتھ کھیلیے۔ اپنی پسندیدہ کہانیوں کی کٹھ پتلیاں بنائیے اور کلاس روم میں ان کی نمائش کیجیے۔
2. مختلف چیزوں کا استعمال کر کے میناریں بنائیے۔ معلوم کیجیے کہ چیزوں کی کون سی شکل سے لمبی میناریں بنتی ہیں۔
3. مختلف چیزوں اور شکلوں کو بنانے کے لیے مٹی کا استعمال کیجیے۔




QRickit


4109CH03


3 مزے دار آم

آؤ پڑھیں




کچھ پرندے ایک گلہری کو آم کھاتا دیکھ رہے ہیں۔






© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED







@ITESS
NOT TO BE REPUBLISHED



آؤ بات کریں


A. تصویر میں پرندوں کی شناخت کیجیے۔
B. شروعات میں وہاں کتنے پرندے اور جانور آم کھا رہے تھے؟
C. ہر مرتبہ کتنے اور پرندے یا جانور شامل ہوئے؟
D. ایک سے زیادہ 1، 2 سے زیادہ 1... نو تک، کیا ہیں؟
E. آخر میں کتنے پرندے اور جانوروں نے آم کھایا؟





جانوروں کے شامل ہونے سے گنتیوں کے بارے میں بات کیجیے۔ استاد کہانی کی ادائیگی کرا سکتے ہیں، جس میں تمام بچے الگ الگ پرندوں اور جانوروں کا کردار ادا کریں اور ان کی آوازیں نکالیں۔ مختلف پرندوں/جانوروں کی آوازوں اور ان کے مسکن کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی عدد میں ایک اور جمع کرنے سے ایک نیا عدد بنتا ہے۔ اعداد کی اس صفت کو "ایکادھی کینا پورینا" ویدک ریاضی کہتے ہیں۔




چیزوں کی تعداد کو انگلیوں کی تعداد سے ملائیے۔


















@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



انگلیوں کو ڈاٹس کی مناسب تعداد سے ملائیے (مثال کے لیے ایک کر کے دکھایا گیا ہے)



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



آؤ کھیلیں — انگلیوں کا جادو



اپنے دوست کو تین انگلیاں دکھائیے۔ آپ کے دوست کو بھی تین انگلیاں دکھانی ہیں، جیسے دو انگلیاں ایک ہاتھ مختلف طریقے سے اور ایک انگلی دوسرے ہاتھ کی۔ اس طرح آپ دوسرے اعداد کے ساتھ بھی کھیل سکتے ہیں۔

ایک ہاتھ کا استعمال کرتے ہوئے آپ چار انگلیوں کو کتنے مختلف طریقوں سے دکھا سکتے ہیں؟



آؤ باہر کھیلیں






بچے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور گانا گاتے ہوئے ایک دائرے میں گھومیں گے۔ ایک بچہ تالی بجائے گا اور کہے گا 'چار'۔ تمام بچے ہاتھ پکڑ کر چار کا گروپ بنائیں گے، باقی بچے ہوئے بچوں سے کہا جائے کہ وہ سبھی گروپ کے تمام بچوں کے تعداد گنیں۔ اسی طرح بچے 9 تک کے مختلف اعداد کو بول کر یہ کھیل جاری رکھ سکتے ہیں۔


میرا یوم ڈرائنگ

یوم یکجہتی (31 اکتوبر) پر بچوں کے لیے ایک ڈرائنگ کا مقابلہ منعقد ہوا۔ ہر بچہ کو ایک لائن کھینچ کر مختلف چیزیں فراہم کریں جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔



یہ جاننے میں ان کی مدد کیجیے کہ ان کے پاس سامان کافی ہے یا نہیں۔


بچوں کی تعداد سے زیادہ یا کم یا برابر پر صحیح کا ✓ کا نشان لگائیں


چیزیں	بچوں کی تعداد سے زیادہ	بچوں کی تعداد سے کم	بچوں کی تعداد کے برابر
			
			
			
			
			

بچوں سے گفتگو کیجیے کہ انھوں نے کیسے معلوم کیا کہ کون سی چیز زیادہ/کم/برابر ہے۔ بچوں کے گروپ میں چیزوں کو تقسیم کرنے کے پہلو پر بھی گفتگو کریں جبکہ بچوں کی تعداد چیزوں کی تعداد سے زیادہ ہو۔ اس بات پر بھی بحث کیجیے کہ یوم یکجہتی کی اہمیت کیا ہے اور یہ کیوں منایا جاتا ہے؟

© KITABISTAN NOT TO BE REPUBLISHED


صحیح ✓ کا نشان لگا کر بتایئے کہ تعداد میں کون سا زیادہ ہے۔





صحیح ✓ کا نشان لگا کر بتایئے کہ تعداد میں کون سا زیادہ ہے۔





صحیح ✓ کا نشان لگا کر بتایئے کہ تعداد میں کون سا زیادہ ہے۔





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ کھیلیں۔انگلیوں کا کھیل




A. اس کھیل کو اپنے دوست کے ساتھ کھیلیے۔ اپنی کچھ انگلیاں دکھایئے، مان لیجیے آپ نے چار انگلیاں دکھائیں تو آپ کے دوست کو چار سے کم انگلیاں دکھانی ہوں گی۔

